In a Radio interview, he said the policy should be prepared keeping in view the requirements of the developed and developing countries. It would provide safeguards for non-proliferation and regulate the transfer of nuclear technology to the developing countries for peaceful purposes.

He said he had repeated "Pakistan's stand at the International Atomic Energy Conference in New Delhi that its nuclear programme was meant for peaceful purposes. It was stressed on India, he said that after she had made an atomic explosion it should now stop manufacturing nuclear arms. He said the delegates to the ference had supported Pakistan's stand that India and Pakistan should reach an agreement for a nuclear weapon free-zone. The proposal for an agreement was, however, turned down by India. □

ایلیس انٹرنیشنل
شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

ہم ۲۲۰ وولٹ کے تمام اپلائنسز مثلاً فریج،
ٹی وی، ایئر کنڈیشنر، ریڈیو ریکارڈر اور واشنگ
مشین کے علاوہ گیس کے چولہے بھی یورپ سے
براہ راست کراچی بھجواتے ہیں۔
کینیڈا میں فلپس کے واحد منظور شدہ ڈیلر

پچھلے چھ سال سے
آپ کی خدمت کرنے والے



AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

اساتذہ کو مجتہدانہ صلاحیتوں کا مالک ہونا چاہیئے۔ خرم جاہ مراد

اساتذہ اسلامی معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

مغرب کی ترقی میں تنظیم کا بڑا دخل ہے۔ تنظیم اساتذہ پاکستان کے اجلاس سے خطاب

[illegible]

اسلامی ممالک ببرک کی حکومت کو تسلیم نہ کریں۔ افغان مجاہدین کی اپیل

[illegible]

ایک روپیہ کے نئے نوٹ کا اجراء

[illegible]

جلسۂ عید میلاد النبیؐ

"کینیڈین سوسائٹی آف مسلمز" کی جانب سے تمام مسلمانوں کو عید میلاد النبیؐ کے جلسہ میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ یہ جلسہ ۲۷ جنوری ۱۹۸۰ء بروز اتوار بوقت ۴½ بجے شام ہاربرفرنٹ (ہربگا ڈین روم) میں ۲۳۵ کوین کی ویسٹ، ٹورانٹو میں منعقد ہوگا۔ پروگرام میں مرزا قدیر بیگ کی تقریر بھی ہوگی۔ داخلہ مفت ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیئے:

496-2214

باقاعدہ کرسینٹ پڑھیئے

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

۴۲ سالہ سنی مسلمان پاکستانی برسرروزگار امریکن امیگرنٹ کے لیے نیک سیرت دوشیزہ کا رشتہ مطلوب ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے خط لکھئے۔

AZIZ AHMAD
908 SPRING BEACH RD.
CARY, ILL. 60013
USA
PHONE: 312-639-5825

•

ایک ۲۳ سالہ ایم۔کام پاکستانی جو کینیڈا میں گیارہ سال سے مقیم ہیں، کے لیے ایک گریجویٹ سنی مسلمان لڑکی کا فوری رشتہ درکار ہے۔ فون کیجیئے:

(416)881-1141

•

پاکستان میں مقیم ایک ۲۷ سالہ تعلیم یافتہ لڑکی کے لیے کسی شریف مسلمان لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پتۂ ذیل پر خط لکھیں:

S. ALI
C/O CRESCENT

•

ناظم آباد کراچی کے ایک اسکول میں اسسٹنٹ ہیڈ مسٹریس کے عہدے پر فائز ایک ۳۸ سالہ خاتون کے لیے تعلیم یافتہ شریف مسلمان شریک حیات کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پتۂ ذیل پر خط لکھیں:

MASOOD KHAN
FLT DISPATCH SEC.
C. C. 921
SAUDI ARABIAN
AIRLINES
JEDDAH

•

ایک پاک کینیڈین سنی لڑکا سید شیعی، عمر ۳۱ سال، تعلیم انجینئرنگ، ہندو خاندان سے تعلق، ایک ہی فیکٹری میں چھ سال سے ملازم، سالانہ آمدنی اٹھارہ ہزار ڈالر، ایک نیک سیرت اور قابل قبول لڑکی سے رشتہ چاہتا ہے۔ لڑکی پاکستان میں ہو یا کینیڈا امریکہ میں۔ خواہشمند حسب ذیل فون پر رابطہ قائم کریں:

(416)923-5533

برائے فروخت

خوبصورت، قالین شدہ، ایرکنڈیشنڈ لیڈیز کپڑوں کا اسٹور، رننگ کنڈیشن میں مناسب داموں پر برائے فروخت ہے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیئے:

حسن بخاری: 921-8145

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

Now it's the Law. You can no longer drive without insurance.

یکم دسمبر ۱۹۷۹ء سے آٹو موبیل کے لازمی انشورنس ایکٹ (Compulsory Automobile Insurance Act) کا نفاذ عمل میں آچکا ہے۔ اب انٹاریو میں رہنے والوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ کسی بھی گاڑی کو رجسٹر کرانے سے پہلے اس کا انشورنس حاصل کر لیں۔ اب ڈرائیورز یہ نہیں کر سکیں گے کہ ڈیڑھ سو ڈالر موٹر وہیکل ایکسیڈنٹ کلیم فنڈ (MVAC) میں دے دیں اور بغیر انشورنس کے گاڑی رجسٹر کرا لیں۔ MVAC فنڈ سے انشورنس نہیں ملتا تھا بلکہ صرف ایکسیڈنٹ کا شکار ہونے والے کو کچھ معاوضہ مل جاتا تھا اور جس ڈرائیور کی غلطی سے وہ دعوے کے مطابق رقم ادا کرنے کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

گاڑیوں کی رجسٹری کی تجدید کرانے کی آخری تاریخ ۲۹ فروری ۱۹۸۰ء ہے۔

کسی بھی گاڑی کو رجسٹر کرانے کے لیے کم از کم ایک لاکھ ڈالر کا third party liability انشورنس ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کو آٹوموبیل سے نئے لازمی انشورنس ایکٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا ہوں تو گاڑی کے لائسنس دینے والے دفاتر اور ڈرائیور ایگزامینیشن سنٹر سے کتابچہ اٹھا لیجیئے یا 1-416-963-1111 پر کلکٹ کال کیجیے یا پھر ذیل کے پتے پر خط لکھیے:

Consumer Information Centre
Ministry of Consumer
and Commercial Relations

555 Yonge Street
Toronto, Ontario
M7A 2H6

Ontario

Frank Drea,
Minister of Consumer
and Commercial Relations
William Davis, Premier



یادِ رفتگاں

گیتوں کا البیلا اور مستانہ بنجارہ

ابنِ انشاء

جن کی دوسری برسی ۱۱ جنوری کو تھی۔

ابنِ انشاء پاکستان کے انتہائی مقبول کالم نویس، شاعر، مزاح نگار اور انشاء پرداز تھے۔ "چاند نگر"، "اس بستی کے اک کوچے میں" اور "دلِ وحشی" ان کے شعری مجموعے ہیں۔ "آوارہ گرد کی ڈائری"، "چلتے ہو تو چین کو چلیے"، "دنیا گول ہے" اور "ابنِ بطوطہ کے تعاقب میں" ان کے سفرنامے ہیں۔ "اردو کی آخری کتاب" اور "خمارِ گندم" ان کی طنز و مزاح سے بھرپور کتابیں ہیں جو انہیں دنیائے ادب میں زندہ رکھیں گی۔

انشاء جی کی شخصیت بڑی دلآویز تھی۔ خلوص، محبت اور ہمدردی سے ان کا خمیر اٹھا تھا۔ اپنی اعلیٰ ظرفی اور فراخدلی کی بنا پر لوگوں میں بہت عزیز تھے۔ جب تک جیئے دامے، درمے، سخنے ہر طرح سے نوعِ انسان کی خدمت کرتے رہے۔

مرحوم کی مناسبت سے ذیل میں انشاء کی ایک یادگار نظم پیش کی جاتی ہے جو انہوں نے اس وقت قلم بند کی تھی جب کہ انہیں اپنے کینسر میں مبتلا ہونے کا علم ہو چکا تھا۔ دیکھیئے کس طرح انہوں نے اپنے ذاتی تجربے کو آفاقی بنا دیا ہے:

(وحیدہ طلعت۔ آلوا)

جب عمر کی نقدی ختم ہوئی

اب عمر کی نقدی ختم ہوئی
اب ہم کو ادھار کی حاجت ہے
ہے کوئی جو ساہوکار بنے
ہے کوئی جو دیون ہار بنے
کچھ سال، مہینے، دن لوگو!
پر سود بیاج کے بن لوگو!
ہاں اپنی جاں کے خزانے سے
ہاں عمر کے توشہ خانے سے
کیا کوئی بھی ساہوکار نہیں
کیا کوئی بھی دیون ہار نہیں
جب نام ادھار کا آیا ہے
کیوں سب نے سر کو جھکایا ہے
کچھ کام ہمیں نپٹانے ہیں
جنہیں جاننے والے جانے ہیں
کچھ پیار ولار کے دھندے ہیں
کچھ جگ کے دوسرے پھندے ہیں
ہم مانگتے نہیں ہزار برس
دس پانچ برس، دو چار برس
ہاں سود بیاج بھی دے لیں گے
ہاں اور خراج بھی دے لیں گے
آسان بنے، دشوار بنے
پر کوئی تو دیون ہار بنے
تم کون؟ تمہارا نام ہے کیا؟
کچھ ہم سے تم کو کام ہے کیا؟
کیوں اس مجمع میں آئی ہو
کچھ مانگتی ہو؟ کچھ لاتی ہو؟
یہ کاروبار کی باتیں ہیں
یہ نقد ادھار کی باتیں ہیں
ہم بیٹھے ہیں کشکول لیے
سب عمر کی نقدی ختم کیے
گر شعر کے رشتے آئی ہو
تب سمجھو جلد جدائی ہو
اب گیت گیا سنگیت گیا
ہاں شعر کا موسم بیت گیا
اب پت جھڑ آئی پات گریں
کچھ صبح گریں کچھ رات گریں
یہ اپنے یار پرانے ہیں
اک عمر سے ہم کو جانے ہیں
ان سب کے پاس ہے مال بہت
ہاں عمر کے ماہ و سال بہت
ان سب کو ہم نے بلایا ہے
اور جھولی کو پھیلایا ہے
تم جاؤ ان سے بات کریں
ہم تم سے نا ملاقات کریں
کیا پانچ برس؟
کیا عمر اپنی کے پانچ برس
تم جان کی تھیلی لائی ہو؟
کیا پاگل ہو؟ سودائی ہو؟
جب عمر کا آخر آتا ہے
ہر دن صدیاں بن جاتا ہے
جینے کی ہوس ہی نرالی ہے
ہے کون جو اس سے خالی ہے
کیا موت سے پہلے مرنا ہے
تم کو تو بہت کچھ کرنا ہے
پھر تم ہو ہماری کون بھلا
ہاں تم سے ہمارا کیا رشتہ
کیا سود بیاج کا لالچ ہے؟
کسی اور خراج کا لالچ ہے؟
تم سوہنی ہو، من موہنی ہو
تم جا کر پوری عمر جیو!
یہ پانچ برس، یہ چار برس
چھن جائیں تو لگیں ہزار برس
سب دوست گئے سب یار گئے
تھے جتنے ساہوکار گئے
بس ایک یہ ناری بیٹھی ہے
یہ کون ہے؟ کیا ہے؟ کیسی ہے؟
ہاں عمر ہمیں درکار بھی ہے
ہاں جینے سے ہمیں پیار بھی ہے
جب مانگیں جیون کی گھڑیاں
گستاخ آنکھیں کت جا لڑیاں
ہم قرض تمہیں لوٹا دیں گے
کچھ اور بھی گھڑیاں لا دیں گے
جو ساعت ماہ و سال نہیں
وہ گھڑیاں جن کو زوال نہیں
لو اپنے جی میں اتار لیا
لو ہم نے تم سے ادھار لیا

ابنِ انشاء

غالب کا خط فیض کے نام

برخوردار فیض احمد فیض، جگر مرادآبادی پہلی مرتبہ جب خلدِ بریں میں تشریف لائے تو اپنے ساتھ میرے لیے تمہارا کلام لائے۔ مجھے تمہارے شعر اور تمہاری شاعری کی داد بھی دی۔ کرنے کو کبھی ہر سال آتا رہا اس سے تمہاری خیریت مل جاتی۔ ابھی کچھ دن ہوئے کہ [illegible] انہیں سے معلوم ہوا کہ تمہارا کوئی نیا مجموعہ "شام شہرِ یاراں" چھپا ہے۔ اشتیاق شعر مزید [illegible] سے منگا کر پڑھا۔ عزیز [illegible] انکار بھی ہے۔ [illegible] افسانہ نویس بھی شاعر بھی [illegible] رکھتے ہیں۔ تمہارا یہ مجموعہ پڑھ کر معلوم ہوا کہ تمہاری شاعری روز بروز روبہ زوال کیوں ہو رہی ہے۔ شاعر وقت کے ساتھ ساتھ پختہ ہوتا ہے لیکن یہ کیا کہ تمہاری شاعری عمر کے ساتھ ساتھ ناپختگی کی طرف بڑھ رہی ہے۔ یہ بھی کہ تمہاری شاعری سے بڑا [illegible] ہے۔ حضرت مولانا ماہر القادری بھی تمہاری [illegible] کے زبردست معترف نہیں۔ اب کچھ دن آیا ہوں [illegible] سے یونہی تمہاری [illegible] کرتا رہا ایک دن وہ "نگار"، "فنون"، "ساقی"، "نقوش"، "سیپ"، "اوراق"، "تخلیق" اور "سیارہ" کے کچھ شمارے لے کر آئے۔ پاس نیاز فتحپوری بھی بیٹھے تھے میں ایک ایک سالم دیکھتا جاتا اور ان کا اطمینان [illegible] شوق سے "نگار" اٹھایا ایک نظر ڈالی اور آہ سرد کھینچی اور کہا "ہائے نگار"۔ میاں یہ آزاد شاعری اور نثری شاعری کی بدعتیں کس نے نکالیں؟ لوگ نظم، [illegible] کا نام لیتے ہیں۔ [illegible] ن۔ م۔ راشد سے وصیت کی تھی کہ اسے بعد از مرگ [illegible] آتش کر دیا جائے [illegible] وہ اپنے کلام کے بارے میں بھی اسی قسم کی وصیت کر جاتا کہ وہ ترجمہ کر کے [illegible] مانند طلسم ہوشربا [illegible] نے الہام کر دیا ہے۔ [illegible] شاعری کی صورت ہی بگاڑ دی ہے۔ [illegible] شاعری کے قاعدوں سے زیادہ [illegible] مرد [illegible] جسے [illegible] نہ جانے [illegible]۔ اوراق [illegible] چھپنے والی [illegible] شاعری کون کہہ سکتا ہے۔ یہ قدیم شاعروں کا منہ چڑانا ہے۔ میاں نوجوانوں کو [illegible] کہ حضرت میر تقی میر کو پڑھیں، مومن خان کو پڑھیں، آتش کو پڑھیں، سودا کو پڑھیں، استاد ذوق کو پڑھیں اور اگر ان سے بھی [illegible] "وارثِ شعر" کی تقلید ہی سے [illegible] کہ اس صدی کے شاعر کو پڑھیں، وحشت کو پڑھیں، اصغر کو پڑھیں، فانی کو پڑھیں، حسرت کو پڑھیں، فراق کو پڑھیں، ناصر کو پڑھیں [illegible] انتظار [illegible] شاعری اور شاعری [illegible] نہیں ہے [illegible] اور تم بھی [illegible] اور اب اسی قسم کی [illegible] میں مبتلا ہو گئے ہو۔

اور ہاں کچھ جواب اپنے ساتھ ایک ماہنامہ "قلب" [illegible]

بھی لائے تھے، اپنا نام اور کچھ سرگزشت شوق کی تازیانہ نگا۔ تقریباً حیدر خان صاحب ہے۔ غالب کو کیسا [illegible] استاد ذوق بھی بیٹھے تھے۔ میں نے اس کی جلد پہ تمہارا نام دیکھا اور پھر کسی [illegible] کا نام بھی لکھا پایا۔ میں نے پوچھا یہ [illegible] کون ہے؟ استاد ذوق بولے "سرکاری ملازم تھا، اقلیم ادب میں نو وارد ہے۔ آزاد نظم کا پکا اور [illegible]" میں نے پوچھا "اتنا [illegible] کیا ہے؟" استاد اپنے مخصوص انداز میں تبسم کرتے ہوئے کہنے لگے "[illegible] کے اسباب بتاتے ہیں" [illegible] تمہارے نام کا ورد [illegible] چلا جاتا ہے۔ "مومن خان نے کہا سمجھ لو [illegible]" میں نے [illegible] کر کے [illegible] جو [illegible] کم از کم میرا نام [illegible] اور اس کا کام چل رہا ہے۔ [illegible] "شامِ شہرِ یاراں" کا مقدمہ بھی اسی نے لکھا ہے۔ تم نے تحسین [illegible] سے کیوں [illegible] لیا؟ بہرحال مرزا کو [illegible] تم سے خاص تعلق ہے [illegible] دیکھ کر لیکن [illegible] ابھی [illegible] باقی ہے۔

سنا تھا کہ تم دلی آئے ہوئے ہو خیال تھا کہ اس ملک [illegible] کے سرحد بھی آؤ گے۔ لیکن ہائے یہ حسرت دل ہی میں رہ گئی۔ تم آئے ضرور لیکن ہم کو [illegible] غالب خستہ جاں کہاں [illegible] تمہاری قسمت دیکھ کر رشک آتا ہے تمہاری زمانے نے خوب پذیرائی کی۔ ایک بڑے ملک نے انعام سے نوازا۔ میاں ہم تو [illegible] کی طرح سیم و زر میں تلتے [illegible] تمنا ہی [illegible] دار فانی سے رخصت ہو گئے۔ سوچتا ہوں [illegible] شعر تمہارے [illegible] میں پیدا ہوتا تو جب تمہاری [illegible] قدر افزائی ہوتی ہے تو میں تو [illegible] میں [illegible] ایک [illegible] اپنی عزت افزائی پر سوچتا ہوں:

غالب بھرا شاعر [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ جب سے حکومت پاکستان نے [illegible] کا پاسپورٹ [illegible] تم پر [illegible] ایک عذاب بن گیا ہے تم میں اور مجھ میں شاعری، شراب اور شاہد ہی تو قدرِ مشترک ہے۔ اب اسی وجہ سے

> تم میں اور مجھ میں
> شاعری، شراب
> اور شاہد
> ہی تو قدر مشترک ہے

تم سے خاص تعلق خاطر رکھتا ہوں۔ البتہ [illegible] کا معاملہ دوسرا ہے [illegible] ہے اور تمہیں [illegible] سے مطلب [illegible] مشاعرہ [illegible] "عاشقی صبر طلب [illegible]"

کہا کہ [illegible] کبھی بیٹھ کر مرزا [illegible] کیا تھا اور [illegible] تم پر صادق آتا ہے۔ "ہنسنا جدا کی سبب [illegible] دماغ اس کا ہے" [illegible] کے [illegible] پر پرستانہ ہو گئیں۔ ایک دن ایک صاحب [illegible] "کا اصل مضمون" کے [illegible] آئے۔ تجزیوں سے پتہ چلا کہ تم بیروت میں کسی [illegible] سے متوسل [illegible] ہو۔ [illegible] سوال [illegible] تمہارے [illegible] یاد آیا کہ تم کسی "پاکستان ٹائمز" کے مدیر بھی رہ چکے ہو۔ اللہ اس بیروت والے [illegible] کو نظر بد سے بچائے، کہیں اس کا حشر "پاکستان ٹائمز" جیسا نہ ہو۔

اب "پاکستان ٹائمز" کے ذکر سے ڈاکٹر [illegible] یاد آیا۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔ مجھ سے بڑی عقیدت رکھتا تھا۔ [illegible] قلعہ میں آیا تو از راہ ادب مجھ سے ملنے آیا میں نے احوال پوچھا کہنے لگا "مجھ سے میرے احباب نے وہ سلوک کیا کہ برادران یوسف نے یوسف سے بھی نہ کیا ہو گا۔" تفصیل پوچھی تو اس نے [illegible] تفصیل بتائی۔ اس کی داستان کچھ اتنی رقت آمیز تھی کہ تمام سامعین کی آنکھیں [illegible] اشک [illegible] ہو گئے میں بھی اور مرزا مومن خان بھی [illegible]

> جب مئے ارغوانی لہان
> بند ہوئی تو تم نے
> یورپ کا اختیار کیا

سعادت مند [illegible] لیکن [illegible] جیسے اس کے [illegible] آتش [illegible] ہو گئے تھے یا [illegible] شکلیں [illegible] ہو گئیں۔ جب میرے [illegible] تو میں نے ان سے کہا ہے:

تم کو [illegible] وفا کی تھی امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

نجات کا طالب۔ غالب

بدستِ پارسی [illegible] جار [illegible] صدر شیخ

مداوا

یہ جو ہے ایک چٹان سی، دریا میں پھینک دیں
دریا کے موتی وسعتِ صحرا میں پھینک دیں
صحرا کی ساری ریت کو بستی پہ ڈال دیں
اور اپنے دل سے ہر غمِ فرسودہ نکال دیں
سب اپنے اپنے جھنڈے نصب کر دیں اس جگہ
گر ہم کبھی پلٹ کر ادھر آئے اور اس
صحرا کی زندہ ریت نے بستی کو کھا لیا
سب اپنے جھنڈے ہر جگہ لہراتے پائیں گے
ہم ان کے نیچے پرکھوں کی قبریں بنائیں گے

اختر الایمان



سعدیہ اور سمیرا



بہنوں کی محفل

سالہ بچہ اپنی والدہ کو نماز پڑھتے دیکھ کر خود بھی ساتھ ہی سجدہ کرنے لگتا ہے۔ ... بچہ کر والدہ چاہیے کہ ساتھ ہی لے کر مسجد میں نماز پڑھنے جائیں اور بچیوں کو ان کی والدہ گھر میں ہی اس طرح بڑوں کا احترام دوسروں کے لئے ایثار و قربانی اطاعت و فرمانبرداری کا سبق دینا ہم سب کا فرض ہے ہر طرح کی تربیت اسی درس گاہ میں ملنی چاہیے تاکہ وہ اچھا انسان، اچھا مسلمان اور اچھا شہری بن سکے اس کے علاوہ گھر میں دینی اور اصلاحی لٹریچر کا موجود ہونا اور بچوں کا اسے شوق سے دیکھتے ہیں تو اس کے منتظمین کو چاہیے کہ وہ اسلامی اقدار و آداب کو فروغ دیں۔

کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نئی نسل سے مایوس نہ ہو چکے بلکہ ہمیں فخر ہے کہ ہمارے نوجوانوں میں اپنے مذہب کیلئے بے پناہ جذبہ ہے اور احیائے اسلام کے لئے کوشاں ہے تاہم اس سے ہماری ذمہ داریاں کم نہیں ہو جاتیں بلکہ ضروری ہے کہ ہم ان چھوٹی چھوٹی باتوں اور ذمہ داریوں کو محسوس کریں اور اپنے بچوں کی تربیت اور رہنمائی میں لوری دلچسپی لیں اور اپنے بہتر نقش کو تلاش کریں تاکہ ان کی زندگی آئندہ بہتر ہوں۔ اگر اسی اخلاقی بحران کے ذمہ دار افراد کو تلاش کیا جائے تو ہم بھی ان میں ملوث نظر آئیں گے۔



بچے کی پہلی تربیت گاہ گھر کا ماحول

سیدہ ہاشمی

ناخواندگی آج ایک بہت بڑا معاشی اور معاشرتی مسئلہ ہے۔ بہت کم معاشی اور معاشرتی مشکلات تعلیم کو عام کرنے کی راہ میں حائل ہیں حکومت بھی اس طرف بھرپور توجہ دے رہی ہے اور والدین بھی بچوں کے حصول تعلیم اور اسکولوں میں داخلے کے لئے سرگرداں دکھائی دیتے ہیں اور ضروری سمجھتے ہیں کہ انگلش میڈیم اسکول ہو اور اسکولوں کا STANDARD اچھا ہو خاص طور پر پیش نظر رکھتے ہیں لیکن ان اسکولوں میں داخلے سے پہلے ان کا بچہ ایک اور اسکول میں بھی کم از کم پانچ سال تک تعلیم حاصل کرتا ہے ایک ایسی درسگاہ کا تعلیمی سرٹیفکیٹ لے کر آتا ہے جو اس کی آئندہ زندگی پر گہرے اور دور رس نتائج ڈالتی ہے۔ دنیا صاف ہے بتاتی ہے کہ کتنے والدین ایسے ہیں جنہوں نے دلچسپی اور لگن سے اپنے بچوں کو اس ابتدائی اور ضروری تعلیم سے بہرہ ور کیا ہے جنہوں نے بھی اس ابتدائی درسگاہ کے معیار تعلیم کو جانچنے کی کوشش کی ہے جہاں انسانیت کا درس دیا جاتا ہے جہاں سے تہذیب وجود میں آتی ہے جو تمدن کی بنیاد کہلاتا ہے۔

بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو ایک لچکدار شاخ کی طرح والدین کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور شکل و صورت دیکھ کر والدین کا ہر عمل اثر انداز ہوتا ہے اگرچہ بچہ کی اپنی ایک شخصیت ہوتی ہے اور بہت سی صلاحیتیں اور خصوصیات قدرتی طور پر اس کی ذات میں موجود ہوتی ہیں لیکن اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ والدین جن کے زیر سایہ وہ عمر کے مختلف مدارج طے کرتا ہے ان کے افعال و کردار اور رکھ رکھاؤ اور اٹھنا بیٹھنا غرض کہ ان کا ہر عمل بچے کی تربیت کرتا ہے اور بچے کی شخصیت تشکیل پاتی ہے۔ آپ اپنی زندگی سے اگر یہ بات نکال دیں کہ والدین کا عمل بچے کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے تو والدین کا عمل عادات و اطوار اور کردار جس طرح کا ہوگا اس کا اثر لازماً بچے پر پڑے گا۔

آج آپ کا بچہ السلام علیکم کہنے کی بجائے ہیلو کہتا ہے تو یہ آپ کی کوتاہی نہیں کہ آپ نے اس کو اسلامی آداب و شعائر سے آگاہ نہیں کیا اور آج آپ کی بیٹیاں دوپٹہ اوڑھنے اور سر ڈھانپنے میں شرم محسوس کرتی ہیں اور مغربی تہذیب کو فخر محسوس کرتی ہیں جس سے بے حیائی اور فحاشی کا پہلو نمایاں نظر آتا ہے اور آپ کو اس کی وجہ نہیں معلوم۔ آپ نے ان بیٹیوں کو پردے کے بارے میں وہ احکامات ذہن نشین نہیں کرائے جو ان کے مذہب نے انہیں سکھائے ہیں کیا وہ ماں باپ جو اپنی اولاد کے چہرے پر ناراضگی نہیں دیکھ سکتے جنہیں بیٹیوں کو پردہ کرنے کا درس نہیں دیا گیا لیکن میں نے بہت سی ماؤں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جب بچے گھر پر ہوں تو ٹھیک ہے باہر جا کر اسکول جا کر خراب ہو گئے۔ یا یہ کہ ماحول ہی خراب ہے وغیرہ وغیرہ اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ بچے جو اسکول تک آتے ہی یا جن کے ساتھ بچے باہر نکل کر کھیلتے کودتے ہیں وہ سب اسی طرح کی درسگاہ سے تعلیم یافتہ ہوں گے اور اگر اس تربیت گاہ کے اساتذہ یعنی والدین اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں تو بچہ خراب ہونے کی بجائے اپنی شخصیت کی تعمیر کرتا ہے اسی لئے ایک استاد کا جو اساتذہ کے مقابلے میں اثر زیادہ ہوتا ہے

نیز استاد بچے کی شخصیت کے بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بچے کے دل میں استاد کا جو مقام ہوتا ہے!

بالکل بھی فرق نہیں دیکھنے والے برتاؤ کے عمل سے بچہ بہت کچھ سیکھتا ہے لیکن حالات یہ ہیں کہ جس قدر قریب یہ دوسرے افراد سے نہیں ہوتا ہے اب ایک ایسی درسگاہ میں جس کے معیار تعلیم و تربیت اور ماحول پر اس کی آئندہ زندگی کا دارومدار ہوتا ہے والدین پر بچے کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داریاں بہت زیادہ عائد ہوتی ہیں اب اس درسگاہ کی اہمیت اور اس کی معلم کی ذمہ داریوں سے تو آپ سب بخوبی واقف ہیں اس کو کہاں تک پورا کیا جا رہا ہے وہ اس اخلاقی اور معاشرتی بحران کی صورت میں ہمارے سامنے ہے کہ نئی نسل مذہب سے دور ہے اپنی تہذیب و ثقافت اور اصول زندگی کی بجائے غیر ملکی کلچر پر فخر محسوس کرتی ہے آپ نے اپنی تاریخ میں بڑے بڑے اور مشہور مجاہدوں کی سوانح حیات پڑھی ہیں اور یہ جان کر دیکھیں سب کی سوانح میں نظر آتا ہے کہ انہوں نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی کیا آپ نے کبھی غور کیا وہ ابتدائی تعلیم کیا تھی۔

اکثر جان آپ نے دیکھا ہو گا کہ بچے بڑوں کو سلام کہنے کی بجائے ہیلو کہتے ہیں یا (GOOD MORNING) کہا کرتے ہیں یا یہ کہ جاتے ہیں کالج میں لڑکیاں سلام نہیں کرتیں بلکہ ہم تو ایک دوسرے کو ہیلو کہتے ہیں ہماری مس کا یہ انداز اس طرح کا ہے اور بالی اس طرح کے کہتے ہوئے ہیں یہ وہ جملے ہیں جو بچوں کے ذہنوں میں پیدا ہوتے ہیں اور ان کا جواب میرا اثر پڑتا ہے اب اگر سوچئے کہ آج نئی نسل گمراہی، بے راہ روی کا شکار ہے معاشرہ بحران کا شکار ہے تو اس کا ذمہ دار کون ہے معاشرہ بھی تو افراد ہی سے وجود میں آتا ہے اگر نئی نسل گمراہی کا شکار ہے تو اس کو تربیت دینے والوں نے اپنے فرائض پورے نہیں کئے اس کیلئے ضروری ہے کہ اساتذہ بھی صحیح تربیت یافتہ ہوں خصوصاً پرائمری اسکولوں کے اساتذہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس طرح کے بچوں کو سکھائیں اور نقش کو دہرا نہیں جو کہ مذہبی حدود کو توڑتے ہوں اور غیر صحت مندانہ اثرات ہوں پر تو انہیں نکال اور ایسے تعلیمی اداروں کی اصلاح کی جائے جو غیر اسلامی طریقے اور آداب کی ترویج کر رہے ہوں۔ اور والدین کو چاہیے کہ جہاں بچے کی پہلی درسگاہ ہو وہ ان کی تعلیم و تربیت بچے کی مستقل زندگی پر گہرا اثر چھوڑتی ہے اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں اور اس دینی درسگاہ کے معیار کو بہتر بنائیں بچوں کو قرآن پاک پڑھانے کے ساتھ قرآن فہمی کی بھی تعلیم دیں احادیث کا سبق دیں یا دینی آنحضرت کی زندگی جو کہ جامع الصفات ہے اور زندگی کے ہر پہلو کی تعمیر اور شخصیت کو سنوارنے کے لئے ان کی حیات طیبہ نمونہ عمل موجود ہے ان کی زندگی کے مختلف واقعات دلچسپ طریقے سے بچوں کو سنائیے صحابہ کرام اور دیگر جلیل القدر ہستیوں اور اچھے لوگوں کے واقعات زندگی دلچسپ طریقے سے بچوں کو سنائیے تاکہ دلچسپی برقرار رہے جو بہت اصلاح اور تعمیر شخصیت میں بھی ہوسکے اور ہمارا کو چاہیے کہ وہ اپنی دوسری سرگرمیوں سے تعلق وقت ضرور نکالیں اسی کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ ہم اپنا طرز عمل اپنے اعمال کو قول کے مطابق کریں کیونکہ بچے آپ کی ہر بات کی پیروی کریں گے

بچوں کی تصویریں

اگرچہ بچوں کا عالمی سال ختم ہو چکا ہے لیکن "کریسنٹ" نے بچوں کی تصاویر کی اشاعت کا سلسلہ قائم رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چنانچہ اپنے بچوں کی پیدائش، سالگرہ، عید اور کسی بھی موقعہ پر لی ہوئی تصاویر ہمیں بھیجتے رہیے۔

(ادارہ)

خوشخبری!

اگر آپ گھر بیٹھے انگریزی زبان سیکھنا چاہتے ہیں تو اوپر بتائے ہوئے لینگوافون کورس کا فائدہ اٹھائیے اور ساتھ میں دیا ہوا کوپن پُر کرکے فوری بھیج دیجئے۔ یہ کورس آسان ہیں اور اپنی کامیابی کے لئے شہرت بھی رکھتے ہیں۔ چنانچہ کیوں نہ آپ بھی اس کورس سے مدد لیں اور ماحول کی ضرورت کے مطابق انگریزی سیکھ کر روزمرہ بول چال، اخباروں، کتابوں اور ٹی۔وی کے پروگراموں کو سمجھنے میں فائدہ اٹھائیں اور خود اپنے بچوں سے جو یہاں پل بڑھ رہے ہیں بہتر طریقہ پر بات چیت کرسکیں ——؟ مزید تفصیل پیچھے ملاحظہ ہو۔

لینگوافون کی مدد سے انگریزی زبان سیکھنا سہل ہو جاتا ہے۔
صرف سماعت فرمایئے۔

لینگوافون کے گھر پر تیاری کرنے والے کورس کی مدد سے انگریزی زبان سیکھنا آسان ہے۔ اس کے لیے آپ کو صرف یہ کرنا ہوتا ہے کہ روزمرہ زبان میں پہلے سے ریکارڈ کی ہوئی گفتگو کو بغور سنیئے۔

لینگوافون کے گھر پر اسٹڈی کرنے والے کورس ان طالب علموں یا بالغوں کے لیے ترقی کا بہترین ذریعہ ہیں، جنہیں انگریزی سیکھنے میں دقت محسوس ہوتی ہے۔ چونکہ لینگوافون کی مدد سے آپ اطمینان کے ساتھ اور اپنے ہی گھر پر اسٹڈی کرسکتے ہیں۔ اس طریقہ کار میں درسیں کلاسیں شامل ہیں جن میں شرکت کرکے آپ کو سننے مدد ملتی ہے اور تحریر مکمل کرنے والی طویل مشقیں ہیں۔ آپ اس کورس کی اسٹڈی اپنی مرضی کے حساب سے جلد یا بدیر کرسکتے ہیں۔

لینگوافون کو زبان کی تدریس میں ۷۵ سال سے زائد تجربہ ہے۔ اس کا فائدہ اٹھائیے۔



مزید معلومات اور لینگوافون کی گھر پر اسٹڈی کے متعلق مفت کتابچہ حاصل کرنے کے لیے جس میں ایک مفت انگریزی سبق بھی شامل ہے ذیل کا کوپن پُر کرکے واپس بھیجیے۔

Linguaphone

THE LINGUAPHONE INSTITUTE OF CANADA INC.,
Box 416, Postal Station "Z", Toronto, Ontario M5N 1A0 — 2685

Please send me the FREE Linguaphone demonstration recording and illustrated brochure.

NAME ______ AGE ______
ADDRESS ______ APT. NO: ______
CITY ______ PROV. ______ CODE ______
OCCUPATION ______ PHONE ______

I would like to be able to speak: ☐ English ☐ Italian ☐ French ☐ Spanish ☐ German Other ______

کریسنٹ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۔

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا (القرآن)

ننگا جھوٹ

روس کے سرکاری ترجمان اخبار پراودا نے لکھا ہے کہ "جوں ہی افغانستان میں روسی فوجوں کی موجودگی کی ضرورت ختم ہو جائے گی، روس انہیں فوراً واپس بلا لے گا۔ کریملن نے محدود تعداد میں اپنے فوجیوں کو افغانستان بھیجا ہے تاکہ وہ افغانستان میں ہونے والی کسی بھی بیرونی جارحیت سے تحفظ دے سکیں۔ روس نے یہ اقدام خود افغانستان کی حکومت کی درخواست پر کیا ہے جس کے ساتھ اس کا دوستی و تعاون کا معاہدہ موجود ہے۔ یہ معاہدہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہے۔ کابل میں ہونے والے واقعات کی ذمہ داری امریکہ، چین، مصر اور پاکستان پر عائد ہوتی ہے۔ مصری اسپیشلسٹ افغان باغی مجاہدین کو پاکستان کے علاقے میں واقع کیمپوں میں چھاپہ مار جنگ کی تربیت دے رہے تھے۔ مجاہدین کی سرگرمیوں کی وجہ سے افغانستان میں جو روس کا پڑوسی اور اتحادی ہے۔ حالات بہت خراب ہو گئے۔ جس کی وجہ سے روس کو افغانستان کی حکومت کی درخواست پر یہ اقدام کرنا پڑا۔"

عذر گناہ بدتر از گناہ کا اطلاق پراودا کی اس تحریر سے زیادہ بہتر شاید کہیں اور نہ ہوگا۔ عذر گناہ کی کوشش در اصل ہوتی ہی جھوٹ کا بازار سجانے کی ہے اور پراودا کا یہ بیان بھی جھوٹ کے سوا کچھ نہیں۔ فرمایا گیا ہے کہ کریملن نے محدود تعداد میں اپنے فوجیوں کو افغانستان بھیجا ہے تاکہ وہ افغانستان میں ہونے والی کسی بھی بیرونی جارحیت سے تحفظ دے سکیں اور روس نے یہ اقدام خود افغانستان کی حکومت کی درخواست پر کیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کونسی افغان حکومت؟ جس کے صدر حفیظ اللہ امین تھے؟ اگر یہ کارروائی ان کی درخواست پر ہوئی ہے تو انہیں موت کے گھاٹ کیوں اتارا گیا اور افغان فوجیں اب تک روسی فوجوں سے کیوں برسرپیکار ہیں؟ روسی فوج بلا کر حکومت کا تختہ ہی الٹ دیا؟ کیا کسی حکومت کی درخواست پر آنے والی غیر ملکی فوجیں خود اس حکومت کے سربراہ کو قتل کر کے اور اس ملک کی فوجوں سے ہی برسرپیکار ہوا کرتی ہیں۔ جھوٹ کی یہ دلیل بھی ملاحظہ فرمائیے کہ کریملن نے یہ فوجیں بیرونی جارحیت سے تحفظ دینے کے لیے بھیجی تھیں۔ مگر کونسی بیرونی جارحیت؟ افغانستان میں تو کوئی غیر ملکی فوج نہیں ہے۔ اور روسی فوجیں آج کل ہر افغان کا خون بہا رہی ہیں خواہ وہ افغان فوج کا فوجی ہو یا مجاہدین کا حامی افغان شہری۔ جب روسی بندوقیں اور سنگینیں بلا امتیاز ہر افغان کا سینہ چھید رہی ہوں تو پھر بیرونی جارحیت کیا ہوئی؟ خود روس کی فوج کشی ہی تو بیرونی جارحیت ہوئی۔ پراودا کے اس اظہار خیال کو پڑھ کر یوں محسوس ہو رہا ہے کہ جیسے کوئی ڈاکو اہل خانہ کو موت کی نیند سلا کر اور ان کی لاشیں پھلانگ کر اپنا اثاثہ سمیٹ رہا ہو کہ جناب وہ اصل میں اس گھر پر ڈاکہ پڑنے کا اندیشہ تھا اور ہم اس گھر میں ان ہی کی حفاظت کے لیے آئے تھے جو اب ہمارے قدموں میں ڈھیر ہیں اور جھوٹ ملاحظہ کیجیے کہ کریملن نے محدود تعداد میں اپنے فوجیوں کو افغانستان بھیجا ہے اور یہ محدود تعداد صرف ۱ لاکھ ہے۔ افغانستان جیسے غریب ملک میں تو نصف لاکھ فوج اگر اسلحہ استعمال نہ بھی کرے تو صرف اس کی خوراک اور روز مرہ ضروریات کی کفالت ہی افغانستان کو مار ڈالنے کے لیے کافی ہے۔ مگر روسی فوج جس جارحانہ انداز میں افغانستان میں آئی ہے اس سے یوں لگتا ہے کہ افغانستان کا اناج ہی نہیں بلکہ افغان عوام کی بوٹیاں بھی نوچ کھا رہی ہیں۔ اس خون آشامی کے بعد پراودا معصومیت کو ہم تو بیرونی جارحیت سے تحفظ دینے آئے ہیں۔

اپنی خون آشامی پر پردہ ڈالنے کے لیے پراودا نے الٹا یہ الزام لگایا ہے کہ افغانستان کو امریکہ، پاکستان، چین اور مصر سے خطرہ ہے۔ پاکستان پر یہ الزام ترہ کی نے بھی عائد کیا۔ حفیظ اللہ امین نے بھی لگایا۔ مگر دونوں کی موت کا سبب نہ پاکستان تھا نہ امریکہ، چین یا ایران اور مصر بلکہ دونوں کو کریملن کے اشارے پر موت کی نیند سلایا گیا۔ اس سے قبل دونوں جھوٹ بولنے والے اپنی موت کے ذریعے اپنے جھوٹ کی خود تردید کر گئے۔ اس تردید کے بعد پراودا جیسے اخبار کے الزام کی کیا حیثیت ہے اور پھر طرفہ یہ ہے کہ افغانستان میں بیرونی جارحیت کے ارتکاب کے سلسلے میں چین کا نام بھی لیا گیا ہے۔ پاکستان کے ساتھ امریکہ کو شامل کیا گیا ہے۔ ایک دنیا جانتی ہے کہ امریکہ اور پاکستان کے تعلقات کی نوعیت آج کل کیا ہے۔ ۳۲ سال میں پاکستان کے امریکہ سے اتنے کشیدہ تعلقات کبھی نہ تھے جیسے آج ہیں۔ پاکستان کے عزیز ترین دوست ایران کے سلسلے میں امریکہ کے رویے کے سلسلے میں پاکستان دو بار امریکہ کو متنبہ کر چکا ہے کہ ایران کے خلاف امریکی جارحیت کو پاکستان کے خلاف جارحیت سمجھا جائے گا۔ سینٹو میں پاکستان کی شرکت کے زمانے میں تو اس الزام کی کوئی اہمیت ہو سکتی تھی مگر غیر جانبدار ممالک کی تحریک میں پاکستان کی شرکت کے بعد امریکہ اور پاکستان کو ایک صف میں کھڑا کرنا انتہا درجے کی بات ہے۔

ترہ کی حفیظ اللہ امین دونوں ہی پاکستان پر گوریلوں کی تربیت اور افغانستان میں بیرونی مداخلت کی بات کیا کرتے تھے مگر سردار داؤد کی حکومت کا تختہ الٹنے کے بعد سے اب تک کوئی بھی افغان حکومت بین الاقوامی سطح پر تو کوئی غیر افغان مداخلت کار دنیا کے سامنے پیش کر سکی اور نہ افغانستان میں مجاہدین کے استعمال میں آنے والے کسی بیرونی اسلحے کی کوئی نمائش کر سکی۔ امر واقعہ یہ ہے کہ افغان مجاہدین کو کہیں سے بھی کوئی امداد نہیں مل رہی اور ان کا تمام انحصار افغان فوجیوں سے چھینے جانے والے اسلحے پر ہے جو سب کا سب روسی ہے گویا دونوں جانب اسلحہ روس ہی کا ہے اور اب بھی مجاہدین کے ہاتھوں جو روسی مارے جا رہے ہیں وہ اپنے ہی ملک کے ساختہ اسلحے سے مارے جا رہے ہیں۔ یعنی کسی طرح بھی جائزہ لے لیجیے افغانستان میں مداخلت صرف اور صرف روس ہی کی ثابت ہوتی ہے۔ افغان حکومت نے جب بھی پاکستان پر اس نوعیت کا الزام عائد کیا ہے حکومت پاکستان نے ہمیشہ اس کی تردید کی ہے بلکہ عالمی رائے عامہ کے اطمینان کے لیے حکومت پاکستان نے کسی بھی ملک کو اپنے وفد پاکستان بھیجنے کی دعوت دی ہے کہ وہ آ کر خود افغان کیمپوں کا معائنہ کریں اور دیکھیں کہ اس الزام کی حقیقت کیا ہے۔ چنانچہ اقوام متحدہ کے نمائندے ایک سے زائد بار پاکستان آ چکے ہیں اور یہ اطمینان کر چکے ہیں کہ پاکستان کی جانب سے کوئی مداخلت نہیں ہو رہی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ پوری دنیا روس کے جارحانہ کردار اور پراودا کے ننگے جھوٹ کی اصلیت اور حقیقت سے آگاہ ہے اور پراودا کی اس نوعیت کی عذر خواہی عالمی رائے عامہ کو گمراہ نہیں کر سکتی۔ ہم پراودا کے اس جھوٹ کی مکمل مذمت کرتے ہیں۔

وہ کسی کے دوست نہیں

افغانستان میں تبدیلی اقتدار کے بعد جو خبریں ملی ہیں ان سے روس کے کردار کے بارے میں نئے اشارات ملے ہیں۔ نور محمد ترہ کی جب تک زندہ رہے خود انہوں نے یہ تاثر دیا اور روس نے ان کی زندگی تک اپنے عمل سے اس تاثر کی تصدیق کی کہ نور محمد ترہ کی ماسکو کی آنکھ کا تارا ہیں۔ مگر حفیظ اللہ امین نے نور محمد ترہ کی کو قتل کر کے اقتدار سنبھالا تو ماسکو سے حفیظ اللہ امین کے لیے پیغام تہنیت کے اجرا میں قطعی تاخیر نہیں ہوئی۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ در پردہ نور محمد ترہ کی اور ان کے جنازہ روس کو پسند نہیں تھے اور اقتدار کی نئی تبدیلی کو ماسکو کی آشیرباد حاصل ہے گویا حفیظ اللہ امین روس کے آدمی ہیں۔ مگر محض دو ڈھائی ماہ کے اندر حفیظ اللہ امین کا تختہ الٹ گیا اور اس طرح ببرک کارمل کی حمایت میں خود روسی فوجیں حفیظ اللہ امین کی سرکاری افغان فوجوں سے لڑیں اور بالآخر روسی فوجوں کی عملی شرکت سے حفیظ اللہ امین کا اقتدار ختم ہوا۔ ببرک کارمل نے اپنی پہلی نشری تقریر میں نور محمد ترہ کی کو "شہید انقلاب" قرار دے کر گویا یہ شناخت دنیا کے سامنے پیش کی کہ وہ گویا نور محمد ترہ کی کے جانشین ہیں۔ اس نشری تقریر کے فوراً بعد روس کے صدر بریزنیف نے نئے افغان صدر ببرک کارمل کو پیغام تہنیت ارسال کیا۔

کیا طرفہ تماشا ہے کہ نور محمد ترہ کی کے قتل پر حفیظ اللہ امین کو ماسکو سے مبارکباد پیش کی گئی اور حفیظ اللہ امین کے قتل پر نور محمد ترہ کی کے سیاسی جانشین کو مبارکباد دی گئی ہے۔ نور محمد ترہ کی اور حفیظ اللہ امین دونوں متعلقہ کمیونسٹ گروپوں کے سربراہ تھے۔ دونوں قتل ہوئے اور دونوں کے قتل پر ماسکو نے اطمینان کا سانس لے کر دونوں گروپوں کے نئے سربراہوں کو تہنیت کے پیغامات دیے۔ دونوں قتل ہونے والے کمیونسٹ تھے۔ دونوں ماسکو کے نیاز مند تھے اور دونوں مسلم افغان عوام کے قتل میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے والے تھے اور دونوں کے قتل پر ماسکو کی تہنیت شامل ہوئی۔ ان واقعات کے بعد روس کے کردار کا جائزہ لینے کے لیے ان سوالات پر غور کیجیے۔ روس کس کا دوست ہے۔ افغان عوام کا ..... ؟ جی نہیں۔ افغان عوام کا دوست ہوتا تو مسلم افغان عوام کا قتل عام کرنے والے حکمرانوں کو فوجی امداد نہ دیتا۔ پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ روس افغان عوام کا نہیں تو کیا نور محمد ترہ کی کا دوست تھا۔؟ جی نہیں اس لیے کہ نور محمد ترہ کی کے قاتل کو روس نے پوری مدد فراہم کی، مبارکباد دی، اس کی فوجی امداد میں اضافہ کیا اور اس کی پوری پشت پناہی کی۔ پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ نور محمد ترہ کی کا نہیں تو کیا روس حفیظ اللہ امین کا دوست تھا؟ جی نہیں۔ حفیظ اللہ امین کا دوست ہوتا تو حفیظ اللہ امین کی فوجوں کے خلاف اس کی اپنی فوجیں کیوں لڑتیں اور اسے مروا کر نئے حکمران کو مبارکباد کیوں دی جاتی۔

روزنامہ جسارت کراچی

نور بصیرت

میاں عبدالرشید

امام اور امیر

امام صلوٰۃ اور امیر مملکت کے عہدے میں خاصی مماثلت ہے۔ ہمارا امام نہ برہمن کی طرح خاندانی ہوتا ہے اور نہ اسے کسی خدائی حق کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ وہ ہم میں سے ہوتا ہے۔ اسی طرح اسلامی مملکت کا سربراہ بھی کسی خدائی حق کا حامل نہیں۔ نہ وہ دوسروں سے برتر تصور ہوتا ہے۔ نہ اسے خاندانی استحقاق کی بنا پر منتخب کیا جاتا ہے۔ حضرت صدیق اکبر نے اپنے پہلے خطبۂ خلافت میں، جو اختصار و بلاغت میں اپنی مثال آپ ہے، پہلی بات یہی فرمائی تھی کہ "لوگو! مجھے تم پر حاکم مقرر کیا گیا ہے اگرچہ میں تم سے افضل نہیں۔"

خلفائے راشدین کو عام شہریوں کی طرح عدالتوں میں طلب کیا جاتا رہا۔ نہ کسی خلیفۂ راشد نے عدالت میں پیش ہونے کو توہین سمجھا، نہ اس سے انکار کیا۔ بلکہ حضرت فاروق اعظم اور حضرت علی مرتضیٰ دونوں نے اس بات پر ججوں کو سرزنش فرمائی کہ انہوں نے فریق ثانی کے مقابلے میں ان سے ترجیحی سلوک کیوں کیا۔ حالانکہ وہ ترجیحی سلوک صرف اتنا تھا کہ انہیں سلام کیا گیا تھا یا ان کی تعظیم کی گئی تھی۔ نہ کسی جج نے یہ کہا کہ چونکہ میری تقرری صدر مملکت نے کی ہوئی ہے، اس لیے میں ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت نہیں کر سکتا۔ یہ بات صرف آج کے "جدید اور مہذب" دور ہی میں نظر آتی ہے کہ سربراہ مملکت کو عدالت میں طلب نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت فاروق اعظم نے ایک سادہ سی مثال کے ذریعہ صدر مملکت کی ذمہ داری کی وضاحت فرمائی ہے۔ جب ایک شخص نے ان سے کہا کہ آپ اچھا کھائیں، اچھا پہنیں اور اپنے آرام کا خیال رکھیں۔ کیونکہ آپ پر ساری مملکت کا دارومدار ہے۔ تو آپ نے فرمایا: اگر تم چند لوگ میرے ساتھ سفر پر جاؤ اور اپنے پیسے میرے پاس جمع کرا دو تاکہ میں دوران سفر تمہارے کھانے اور رہائش کا انتظام کروں، پھر کیا تم پسند کرو گے کہ میں اپنے لیے اچھے کھانے اور رہائش کا بندوبست کروں اور تمہارے لیے معمولی کھانے اور رہائش کا۔

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

اگر ہم کسی آدمی کو عہدہ دیں، اور اس کا معاوضہ بھی مقرر کر دیں، تو وہ اس معاوضہ کے علاوہ جو کچھ لے گا وہ خیانت میں شمار ہوگا۔

جس نے مسلمانوں کی امارت طلب کی، اور اسے حاصل کیا، اس کا عدل اگر اس کے ظلم پر غالب رہا، تو اس کے لیے جنت ہے، اور اگر اس کا ظلم اس کے عدل پر حاوی ہو گیا، تو پھر اس کے لیے آگ ہے۔

اسلامی اقدار اور ہمارا کردار ــــــ ایک جائزہ

عالم اسلامی اس وقت ایک عجیب اضطرابی کیفیت سے دوچار ہے جس کیفیت سے گزر رہا ہے ... [illegible]

[illegible]



روس نے بحر ہند تک پہنچنے اور تیل پیدا کرنے والے ملکوں پر قبضہ کیلئے افغانستان پر یلغار کی ہے

وہ پوری دنیا پر تسلط چاہتا ہے چین کی سلامتی بھی خطرے میں پڑ گئی ہے' افغانستان سے تمام روسی فوجیں ہٹائی جائیں چین کا مطالبہ

روسی خطرے سے نمٹنے کیلئے اسلامی سربراہ کانفرنس بلانے کی تجویز

سعودی عرب، انڈونیشیا، آسٹریلیا، یوگوسلاویہ اور دیگر ملکوں کی جانب سے روس کی شدید مذمت

[illegible]

ہم پاکستان اور ایران سے اختلافات ختم کرنے کی کوشش کریں گے، ببرک کارمل

[illegible]

افغانستان کی نئی حکومت کے ارکان

کابل ــــ ریڈیو کابل کی رپورٹ کے مطابق افغانستان کی نئی حکومت ... [illegible]

ایران سے ناخواندگی دور کردی جائے، خمینی

تہران ــــ ... [illegible]

آیت اللہ خمینی نے ... [illegible]

Introduce Crescent to a Friend

پاکستان نے افغانستان سے تمام غیر ملکی فوجیں ہٹانے کا مطالبہ کر دیا

کسی ملک میں بیرونی فوجوں کی یلغار پرامن بقائے باہمی کے اصول کے منافی ہے، افغان عوام کے مصائب طول کھینچ جائیں گے، حکومت پاکستان کا بیان

سیاسی بحران فوجی طاقت سے حل کرنے پر صورتحال انتہائی سنگین ہو گی

افغان پاکستان سے عقیدے، ثقافت اور تاریخ کے انمٹ رشتوں سے جڑے ہوئے ہیں

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) آئی حکومت پاکستان نے افغانستان میں رونما ہونے والی حالیہ تبدیلیوں پر انتہائی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ...

حکومت کرکٹ میچ بھی جیت کر دے

جس کے دام بڑھنے پر ہماری کمال چیخ رہی

جب حمایتی سینے تان کر چیل بنے ہوں

تو غیر یقینی صورتحال نہیں ہو سکتی

(اطمینان، ۱۹ دسمبر، روزنامہ جسارت)



افغان مجاہدین کے ممتاز رہنما ضیاء خان ناصری ایک محاذ پر طیارہ شکن توپ چلا رہے ہیں۔

ترہ کی اور امین کے معتوب رہنماؤں کو کارمل نے کابینہ میں شامل کر لیا

افغانستان میں رونما ہونے والے خونی انقلابات کا تفصیلی پس منظر

پشاور ــــ ... افغانستان میں

نئی دہلی میں روسی سفارتخانہ پر مسلم طلبہ کا مظاہرہ

نئی دہلی ــــ ...

ہم صرف اسلحہ نہیں بھیجیں گے بہت کچھ کریں گے: کارٹر

تعجب ہے کہ حملہ کی دعوت دینے والا صدر امین خود روسی فوجوں کے ہاتھوں مارا گیا

واشنگٹن ــــ ...

پورا ملک شدید سردی کی لپیٹ میں ہے

کراچی ــــ (اے پی پی) ...

شاہ خالد اور شہزادہ فہد سے ایران امریکہ بحران پر تبادلہ خیال نہیں ہوا

آغا شاہی کے دورہ ایران کی تاریخ پہلے ہی طے ہو چکی تھی ــــ صدر ضیاء الحق

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) صدر جنرل ضیاء الحق نے آج کہا کہ شاہ خالد بن عبدالعزیز اور شہزادہ فہد سے ایران امریکہ بحران پر بات چیت نہیں ہوئی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ محض خیال آرائی اور افواہ ہے کہ میں نے شاہ خالد سے ایران امریکہ بحران، امریکی یرغمالیوں یا ایران کے گرد امریکی افواج پر بات چیت کی ہے۔ انہوں نے کہا میرے دورے کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں تھا اور صحافیوں کو چاہئے کہ ان افواہوں پر کان نہ دھریں۔ انہوں نے کہا جہاں تک ایران کے مسلم ملک ہونے کا تعلق ہے اس پر بات چیت ہوئی مگر صرف وہاں کے اسلامی انقلاب کی حد تک۔ جب بھی اسلام سے متعلق کوئی بات ہوتی ہے سعودی عرب خیر سگالی ظاہر کرتے ہیں مگر اس حد تک بھی نہیں کہ ایران کے اندرونی معاملات میں مداخلت ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیر خارجہ آغا شاہی کا حالیہ دورہ ایران شاہ خالد سے ملاقات کا نتیجہ نہیں ہے۔ سوال کرنے والے نے پوچھا تھا کہ آغا شاہی جو سعودی عرب جانے والے وفد میں شامل تھے صدر کے دورے کے فوراً بعد ایران کیوں روانہ ہو گئے جس سے یہ تاثر پیدا ہوا کہ اس اچانک دورے کا تعلق صدر کے دورے سے تھا۔ صدر نے کہا آغا شاہی کے دورے کا تعین سعودی عرب کے دورے سے پہلے ہو چکا تھا۔

فقیر سردی سے اکڑ کر ہلاک ہو گیا

کراچی ــــ ... ناظم آباد کے علاقے میں ایک فقیر سردی سے اکڑ کر ہلاک ہو گیا۔

میراج اور دیگر جدید جنگی آلات فراہم کئے جائیں گے

افغانستان میں کھلی جارحیت کی بنا پر امریکہ نے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کر لی

پاکستان کے لئے فوجی امداد پر پابندی اٹھانے کے فیصلے پر بھارتی حکام کا اظہار تشویش

واشنگٹن ــــ (اے پی پی) ...

سگریٹ کے پیکٹ پر انتباہ

صدر نے آرڈیننس جاری کر دیا

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے آج ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے ذریعہ سگریٹ کے ہر پیکٹ پر صحت کے بارے میں انتباہ چھاپنا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ...

جنگ نے نیوز پرنٹ فروخت نہیں کیا

جاوید رحمن کی وضاحت

کراچی ــــ (اے پی پی) جنگ کے چیف ایڈیٹر ...

Tongas -------------- No!
Rickshaws -------------- No!

DRIVE
Your Own Car!

Learn to drive DEFENSIVELY from the In-Car teacher
Certified by:-
— ONTARIO MINISTRY OF TRANSPORTATION
— CANADIAN SAFETY COUNCIL
— ONTARIO SAFETY LEAGUE
EXTENSIVE CANADIAN EXPERIENCE
Reasonable rates. Call:
Tel: 266-8098
A NATIONAL DRIVING SCHOOL
(Lessons also in Urdu)

پاکستان پر حملہ ہوا تو وہ جوابی کارروائی کرے گا

افغانستان کے واقعات کے ہمارے ملک پر کوئی اثرات نہیں پڑے

سفیر ضرورت سے زیادہ ایک دن بھی نہیں رہے گا: پاکستان کیلئے یک جماعتی حکومت کے دلائل ہے

امریکہ پاکستان کو فوجی امداد دینے کیلئے تیار ہے

اسلامی انقلاب کو کچلنے کی سازش

ڈاکٹر عبدالقادر پاکستان میں کسی اہم منصوبے پر کام نہیں کر رہے

ایٹمی ٹیکنالوجی کے حصول کے بارے میں برطانوی اخبارات نے من گھڑت خبریں شائع کی ہیں

اسلامی ملکوں کے خلاف سازشوں کا متحد ہو کر مقابلہ کیا جائے

ہم مقامات مقدسہ کا نقصان برداشت نہیں کر سکتے۔ شاہ خالد کو معمر قذافی کا پیغام

مغربی جرمنی نے کابل سے اپنے سفیر کو طلب کر لیا

بون ۔۔۔ مغربی جرمنی کی حکومت نے افغانستان سے اپنے سفیر کو طلب کر لیا ہے تاکہ وہ ملک کی صورتحال پر رپورٹ پیش کر سکیں۔ افغان حکومت نے سفارت خانے میں ملازم افراد ...

طبیعیات میں اعلیٰ تحقیق وحدانیت پر ایمان کو پختہ کرتی ہے

نوبل انعام یافتہ پروفیسر عبدالسلام سے ایک انٹرویو

نوبل انعام یافتہ پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام

بابنیٹ کمرشل پڑھیے

پاکستان ایران کے خلاف ہر کاروائی کی مخالفت کرے گا

برادر پڑوسی ملک ایران کو نقصان پہنچانے کے اقدامات اور اس کے خلاف فوجی طاقت کے استعمال کی مخالفت کی جائے گی ایران کے خلاف کسی بھی پابندی کی پاکستان حمایت نہیں کرے گا

اخبارات ذمہ داری قبول کریں تو سنسر میں نرمی کی جا سکتی ہے

تیل کی قیمت میں اضافہ سے ۲۵ کروڑ ڈالر کا اضافی بوجھ پڑا ہے

لاہور ۔۔۔ صدر جنرل محمد ضیا الحق نے کہا ہے کہ پاکستان ایران کے خلاف ہر پابندی اور فوجی طاقت کے استعمال کی مخالفت کرے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ ۹۰ کے وسط تک ...

صدر جنرل محمد ضیا الحق نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کے حالیہ واقعات کا ... پاکستان ایران کے خلاف کسی پابندی کی حمایت نہیں کرے گا ...

غیر ممالک میں مقیم اور مسافر پاکستانیوں کیلئے

حکومت پاکستان کے نئے قوانین کے مطابق اب آپ پرسنل بیگج میں پہلے سے بھی زیادہ سامان لے جا سکتے ہیں اور تبدیل شدہ قوانین کے مطابق پہلے کے مقابلے میں اب آپ بہت کم شرح سے ڈیوٹی ادا کرینگے

نئے بجٹ سے پیشتر

نئے بجٹ کے مطابق

کرم فرماؤں کی سہولت کے لئے گوشوارہ درج ذیل ہے

ریفریجریٹر	زینکو کی آئی ایف کرایہ قیمت	کسٹم ڈیوٹی	قیمت ڈیوٹی ادا کرکے	پاکستان میں قیمت خرید
	£150			
	£170			
	£150			
	£170			
	£180			
ایئرکنڈیشنر				
	£220			
	£250			
	£250			
	£265			

مزید معلومات اور مکمل پرائس لسٹ کے لئے رابطہ قائم کریں

ZHANCO EXPORT HOUSE (USA) INC.

1328 Broadway • Suite 1154 • New York, N.Y10001 PHONE [212] 564-3040

TELEX 668-607 ZHANCO

LONDON OFFICE:
ZHANCO EXPORT HOUSE
2/4, Great Eastern Street, London, E.C. 2
Telephone No. 01-247 6768 PBX
DUBAI OFFICE:
ZHANCO EXPORT HOUSE
P.O. Box 25
Deira, Dubai
Phone 221640

EXPORT SPECIALISTS

گھانا کے اسکالروں کو علامہ اقبال میڈل

باخبر رہئے کریسنٹ پڑھئے

ہر اسرائیلی باشندہ ۵ ہزار ڈالر کا مقروض ہے



افغانستان کے معزول حکمران شاہ ظاہر شاہ کا بیان

افغانستان پر روسی فوج کا حملہ کھلی جارحیت ہے

روسی افواج افغانستان خالی کریں اور عوام کو مستقبل کا فیصلہ کرنے دیں

اسرائیل کیلئے امریکی امداد میں اضافہ

انقلاب کے وقت بہبر کارمل تاشقند میں تھے

چاٹگام میں پاک بنگلہ دیش کرکٹ میچ میں ہنگامہ، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم دیدیا گیا

تماشائیوں نے گراؤنڈ پر دھاوا بول دیا اور کھلاڑیوں پر زبردست پتھراؤ کیا۔ پولیس نے آنسو گیس کے گولے پھینکے۔ اقبال قاسم شدید زخمی ہوگئے

ڈھاکہ ٹیسٹ منسوخ کر دیا گیا، ہنگامہ گمراہ کن خبروں کے سبب ہوا

قتل ہونے سے بچنے کے لئے کپتان جسٹس صوبہ عوامی لیگ شدت پسندوں کی قیادت کر رہے تھے

[illegible]

چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی دوسری کامیابی: اسپین کو ۵-۱ سے ہرا دیا

پاکستانی کھلاڑیوں کا شاندار کھیل، سمیع اللہ نے دو اور اختر رسول، منظور الحسن اور کلیم اللہ نے ایک ایک گول بنایا

ہالینڈ نے برطانیہ کو ۴-۱ سے شکست دے دی

بھارت اور آسٹریلیا کا میچ برابر رہا، دونوں ٹیموں نے تین تین گول کئے

[illegible]

ملکہ ترنم نور جہاں کی طرف سے

فلمی نغمات سے کنارہ کشی کا اعلان

[illegible]

امپائرنگ کا یہی معیار رہا تو بھارت کا دورہ ختم کر دیں گے: آصف اقبال

[illegible]

بھارت کے کرکٹ میچ معسوخ ہونے کا امکان

[illegible]

نگار ایوارڈ کی ۲۲ ویں تقریب

تزک و احتشام سے منائی گئی

[illegible]

ایوارڈ یافتگان کی فہرست

[illegible]

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

سہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورانٹو کنیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۲۶ صفر ۱۴۰۰ھ | ۱۵ جنوری ۱۹۸۰ء | شمارہ ۱۷

پاکستان دری صورتحال کا حقیقت پسندانہ جائزہ لے رہا ہے اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لئے تمام راستے کھلے رکھنا چاہتا ہے

پاکستان نے امریکی اسلحہ کی پیشکش پر وضاحت طلب کر لی

بھارتی سفیر کو دفتر خارجہ میں طلب کر لیا گیا۔ اسلحہ کی فراہمی کے سلسلے میں وزیر اعظم چرن سنگھ کے بیان پر پاکستان کا فوری تبصرہ

حکومت سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل دور کرنے کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے: ضیاء الحق

پاکستان کی مخالفت افسوسناک ہے بھارت منفی رویہ ختم کرے: سرکاری ترجمان

روسی سفیر کو طلب کر کے دفتر خارجہ کا بیان روس کو پہنچانے کی ہدایت

لاکھوں افغان مہاجرین کھلے آسمان تلے سخت سردی میں ٹھٹھر رہے ہیں

امدادی کارروائیاں ناکافی ہیں پاکستانی بھائی دل کھول کر امداد کریں۔ ارباب سعید اور منظور حسین کی اپیل

ببرک کارمل کی پندرہ سال قبل پٹائی ہوئی تھی

افغانستان میں نیا دستور جلد نافذ ہوگا

تارکین وطن کیلئے رہائشی اسکیموں میں کوٹہ

بھارت کی سب سے بڑی جمہوریت ہے پاکستان کو تباہ کرنا ہی اس کا مقصد ہے

امریکی صدر نے ٹیلیفون پر دفاعی وعدہ کا اعادہ کیا۔ روسی فوج نے پاکستانی سرحد عبور کی تو امریکہ ۱۹۵۹ء کے معاہدہ پر عمل کرے گا۔ ذوالفقار علی شیر کا اعلان

ہمارے دوست اعتماد رکھیں امریکہ وعدے کی پابندی کرے گا

چین مسلم ممالک اور اتحادیوں سے مشورے کئے جا رہے ہیں

امریکہ کو پاکستان کی مدد کے آئینی اختیارات حاصل ہیں۔ روس نے بڑے پیمانے پر جارحیت کی ہے

پاکستان بھارت کیخلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا: عبدالستار

ایٹمی پروگرام صرف پرامن مقاصد کیلئے ہے۔ بہتر تعلقات کی راہ میں واحد رکاوٹ صرف کشمیر ہے

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

کریسنٹ انٹرنیشنل

333 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"